# 07-03-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔چیف منسٹر ریونت ریڈی کی موجودگی میں 130 ماؤنواز خودسپرد۔124 ہتھیار پولیس کے حوالے۔

۲۔خواتین کے وقار،سلامتی کی ذمہ داری تمام سے قبول کرنے چیف منسٹر کی اپیل۔

۳۔ریاستی وزیر جشنو دیو ورما نے کہا کہ مصنوعی ذہانت،ڈیٹا سائنس،سائبر سیکوریٹی کے شعبہ میں حیدرآباد اختراعی مرکز میں تبدیل۔

۴۔تلنگانہ حکومت کی جانب سے سال 2025ء گدر ایوارڈس کا اعلان۔

SEETHAKKA - MULUGU

ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے خواتین گروپس کی ترقی کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے ضلع ملگ میں بعض ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح انجام دیا۔اس موقع پر سیتا اکا نے کہا کہ ہر گرام پنچایت میں خواتین گروپس کیلئے عمارتیں تعمیر کروائی جائیں گی۔یہ عمارتیں دیہی خواتین کی عزتِ نفس اور معاشی خودمختاری کے علاوہ ان کے اتحاد کی علامت ثابت ہوں گی۔ Sound Byte.

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاستی وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ عوامی حکمرانی اور ترقیاتی منصوبہ کے زیرعنوان منعقدہ 99 ویں دن کے پروگرام کے دوران زیر التوأ رجسٹریشن اور مسائل کی یکسوئی کی جائے گی۔انہوں نے آج سکریٹریٹ میں تلنگانہ ہاؤزنگ بورڈ کی جانب سے تیار کردہ رجسٹریشن پورٹل کا آغاز کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ ہاؤزنگ بورڈ کے تحت مکانات،

فلیٹ اور اراضیات اقساط پر خریدنے والوں میں سے پانچ افراد مختلف وجوہات کی بنا پر اپنے اثاثہ جات کا رجسٹریشن نہیں کروا سکے۔ ریاستی وزیر نے تیقن دیا کہ حکومت کے قواعد کے مطابق حقیقی قیمت ، شرح سود اور موجودہ مارکٹ کی قیمت جیسے موضوعات کا احاطہ کرتے ہوئے رجسٹریشن کا عمل مکمل کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہاؤزنگ بورڈ سے متعلق جامع اطلاعات پورٹل میں دستیاب ہیں۔

CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے واضح کیا کہ خواتین کے تحفظ اوران کی ترقی کیلئے محض قوانین کا نفاذ کافی نہیں بلکہ حکومتوں کی ذمہ داری اس وقت پوری ہوگی جب اس پر موثر طریقہ سے عمل آوری کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے حیدرآباد میں منعقدہ Stand with Her پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیف منسٹر نے کہا کہ ریاست کی ترقی میں خواتین کا کلیدی رول ہے اسی لئے ان کی حکومت خواتین کی صلاحیتوں کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے اپیل کی کہ خواتین کے وقار اور سلامتی کیلئے ہر ایک کو ذمہ دار بننا چاہئے۔ اس تقریب میں ڈی جی پی شیودھر ریڈی، کمشنر پولیس حیدرآباد وی سی سجنار، فلم اداکار سائی درگا تیج اور دیگر بھی موجود تھے۔ Sound byte.

CM - MATT MAYER

چیف منسٹر ریونت ریڈی سے امریکہ ڈیلاور اسٹیٹ کے گورنر میاٹ میئر نے خیر سگالی ملاقات کی۔ اس موقع پر تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں میں اصلاحات پر عمل آوری سے متعلق مذاکرات کئے گئے۔ اس موقع پر میاٹ میئر نے بتایا کہ ڈیلاور میں غریب افراد کیلئے مکانات اور قرض

معافی جیسی اسکیمات پر عمل آوری کی جارہی ہے۔انہوں نے مستقبل میں تلنگانہ اور ڈیلاور کے درمیان تعلقات کے مزید مستحکم ہونے کی توقع ظاہر کی۔ساتھ ہی انہوں نے تلنگانہ کے وفد کو ڈیلاور شرکت کی دعوت دی۔

NHCX

نیشنل ہیلتھ اتھاریٹی کے سی ای او ڈاکٹر سنیل کمار برناوال نے بتایا کہ صحت کے بیمہ کے معاملہ میں کلیمس کا مسئلہ کافی پیچیدہ ہے۔انہوں نے کہا کہ اس مسئلہ کی یکسوئی میں نیشنل ہیلتھ کلیمس ایکسچینج پلیٹ فارم کلیدی رول ادا کررہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ اس پلیٹ فارم کے ذریعہ صحت کے بیمہ کے کلیمس کے عمل میں معیار اور باہمی ربط ممکن ہوسکے گا۔انہوں نے حیدرآباد میں منعقدہ نیشنل ہیلتھ کلیمس ایکسچینج کانفرنس میں کلیدی خطبہ دیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ این ایس سی ایکس کو ایک جامع پلیٹ فارم کے طور پر ڈیزائن کیا گیا ہے جو نہ صرف ہاسپٹلس اور انشورنس کمپنیوں بلکہ مریضوں،صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں، انشورنس کمپنیوں اور ٹکنالوجی کے پیشہ ورافراد کیلئے سودمند ثابت ہوگا۔

Maoists Surrender

چیف منسٹر ریونت ریڈی کی موجودگی میں 130 ماؤنوازوں نے خودسپردگی اختیار کی۔اس موقع پر چیف منسٹر نے ان تمام سے سماجی دھارے میں شامل ہونے کا خیرمقدم کیا۔بعد ازاں ریونت ریڈی نے کہا کہ ان کی اپیل پر سماجی دھارے میں شامل ہونے والے ماؤنوازوں کا حکومت کی جانب سے تحفظ کیا جائے گا۔چیف منسٹر نے کہا کہ عالمی سطح پر کہیں بھی پرامن ماحول میں ہی مسائل کا حل تلاش کیا جاسکتا ہے۔ تاحال خودسپرد ہونے والے

اہم قائدین کی جانب سے حکومت کے علم میں لائے گئے مسائل کی یکسوئی کی جائے گی۔اسی موضوع پر و دہلی کا دورہ کرتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ سے بات چیت کریں گے۔ چیف منسٹر نے سرکردہ لیڈر گنپتی سمیت دیگر 7 سے بھی خودسپرد ہونے کی اپیل کی اور بھروسہ دلایا کہ تلنگانہ حکومت انہیں تحفظ فراہم کرے گی۔

Sridhar Babu

ریاستی وزیر ڈی سریدھر بابو نے بتایا کہ مصنوعی ذہانت پر مبنی معاشی تکنیک کے شعبہ میں حیدرآباد گلوبل ہب کے طور پر ابھرے گا۔انہوں نے فیکی کے زیراہتمام منعقدہ اجلاس سے خطاب کیا۔ سریدھر بابو نے بتایا کہ عالمی سطح پر نامور تجارتی ادارے شہر میں اپنی اختراعات اور انجینئرنگ مراکز کا قیام عمل میں لا رہے ہیں۔اس وقت شہر میں 400 گلوبل Capability سنٹرس میں زائد از تین لاکھ افراد کو روزگار فراہم کیا جارہا ہے۔ ریاستی وزیر نے مزید بتایا کہ تلنگانہ آئی ٹی شعبہ میں برآمدات ہر سال تقریباً40 ملین ڈالر تک پہنچ رہی ہے۔

Weather

محکمہ موسمیات کے مطابق آج ریاست بھر میں گرمی کی شدت میں بتدریج اضافہ ہوا ہے۔ ریاست کے کئی مقامات پر اعظم ترین درجہ حرارت 34 تا40 ڈگری کے درمیان درج کیا گیا۔ حیدرآباد میں 34، ورنگل میں 37، کھمم میں 38، نظام آباد، عادل آباد، محبوب آباد اور کریم نگر میں اعظم ترین درجہ حرارت 37 ڈگری درج کیا گیا۔محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے تین تا چار دنوں میں درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری اضافہ کا امکان ہے۔

## Gaddar Award

تلنگانہ حکومت نے گدر فلم ایوارڈس کے فاتحین کا اعلان کیا ہے۔ نامور اداکار چرنجیوی کو این ٹی آر نیشنل ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ مشہور و معروف اداکار کمل حسن کو پائیڈی جئے راج ایوارڈ، گیت کار الیس اشوک تیجا کو سینارے ایوارڈ دیا جائے گا۔ نامور اداکار کے طور پر ناگا چیتنیا نامور اداکارہ کے طور پر رشمیکا کا انتخاب کیا گیا ہے۔ نمایاں فلم کے طور پر راجو ویڈس رامبائی کا انتخاب کیا گیا۔ یکم جنوری 2025ء سے 31 دسمبر تک سنٹرل بورڈ آف فلم سرٹیفکیشن کے ذریعہ سٹیفکیٹ حاصل کردہ فلم، شارٹ فلم کے لئے ان ایوارڈس کا اعلان کیا گیا ہے۔ 19 مارچ کو اگادی کے موقع پر یہ ایوارڈس دیئے جائیں گے۔

## Governor

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے کہا ہے کہ آرٹیفیشل انٹلیجنس، ڈیٹا سائنس، سائبر سیکوریٹی جیسے شعبوں میں حیدرآباد اختراعی مرکز میں تبدیل ہو چکا ہے۔ انہوں نے ساتھ ہی ساتھ اس بات پر زور دیا کہ ترقی صرف میٹرو پولیٹن شہروں تک محدود نہ رہے بلکہ اسے اضلاع تک وسعت دی جائے۔ کانفیڈریشن آف انڈین انڈسٹری کے سالانہ اجلاس میں انہوں نے مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کرتے ہوئے خطاب کیا۔ اس تقریب میں ریاستی وزیر وویک نے بھی شرکت کی۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2043ء تک تلنگانہ کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت میں تبدیل کرنے کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔ بعدازاں ماحولیاتی شعبہ کیلئے خدمات انجام دینے والی صنعتوں کو ونوتسم ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔